Social Security Scotland
Tèarainteachd Shòisealta Alba

ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ یعنی بالغ معذوری کی ادائیگی

ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ کیا ہے؟

یہ رقم ان اضافی اخراجات میں لوگوں کی مدد کے لیے ہے جو اکثر معذور ہونے، طویل المدتی صحت کے مسائل یا جان لیوا بیماری میں مبتلا ہونے کے نتیجے میں پیدا ہوتے ہیں۔ یہ اسکاٹ لینڈ میں لوگوں کے لیے پرسنل انڈیپڈنس پیمنٹ کی جگہ ہے، جو پہلے ڈیپارٹمنٹ فار ورک اینڈ پنشنز کے ذریعے فراہم کی جاتی تھی ۔

ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ کون حاصل کر سکتا ہے؟

لوگ ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں اگر وہ:

- 16 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ہیں اور ان کو معذوری ہے یا طویل مدتی صحت کے مسئلہ میں مبتلا ہیں ، یا وہ جان لیوا بیماری کا شکار ہیں
- ابھی تک سٹیٹ پنشن کی عمر تک نہیں پہنچے

ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ ذرائع کی جانچ پڑتال پر مبنی نہیں۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ اگر معذور شخص کام کر رہا ہے یا اس کے پاس بچت ہے۔

جب لوگ درخواست دیتے ہیں تو ہمیں ان سے کیا درکار ہوتا ہے؟

کسی درخواست پر فیصلہ کرنے کے لیے، ہمیں یہ سمجھنے کی ضرورت ہوتی ہے کہ کسی کی صحت کا مسئلہ یا معذوری ان کی زندگی کو کیسے متاثر کرتی ہے۔ ہم لوگوں سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ درخواست فارم میں یہ معلومات فراہم کریں۔

ہمیں کسی پیشہ ور فرد سے کوئی ایک معاون معلومات بھی درکار ہوتی ہیں ۔ اس سے وسیع پیمانے پر ان کی معذوری، صحت کے مسائل یا ضروریات کی تصدیق ہونی چاہئے۔ یہ ایک تشخیص ہو سکتی ہے اگر کسی شخص کی ہوئی ہو ، لیکن انہیں درخواست دینے کے لئے تشخیص کی ضرورت نہیں ہے ۔ معاون معلومات کی مثالوں میں سماجی نگہداشت کے منصوبے ، دوا کےنسخے کی فہرستیں اور پیشہ ور افرادجیسے سپورٹ ورکر، ڈاکٹروں اور فزیو تھراپسٹ کی طرف سے حوالہ بھیجے جانے کے خطوط شامل ہیں۔

لوگ معاون معلومات کے بغیر بھی درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر وہ ہم سے کہیں تو ہم اسے ان کی طرف سے حاصل کر سکتے ہیں، لیکن ان کی درخواست پر کارروائی میں زیادہ وقت لگ سکتا ہے۔

ادائیگی کی شرح کا حساب کیسے لگایا جاتا ہے؟

ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ دو حصوں پر مشتمل ہوتی ہے: روز مرہ زندگی اور نقل و حرکت۔ لوگ ایک یا دونوں حصوں کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

روزمرہ زندگی کے حصے میں ادائیگی کی 2 شرح ہیں:

- معیاری - ہفتہ وار شرح £72.65
- اضافی - ہفتہ وار شرح £108.55

نقل و حرکت کے حصے میں ادائیگی کی 2 شرح ہیں:

- معیاری - ہفتہ وار شرح £28.70
- اضافی - ہفتہ وار شرح £75.75

جو لوگ نقل و حرکت کے حصے کی اضافی شرح حاصل کرتے ہیں وہ قابل رسائی گاڑیاں اور آلات کی اسکیم کے ذریعے نئی کار، سکوٹر یا توانائی سے چلنے والی وہیل چیئر کرائے پر لینے کے لیے اس میں سے جزوی یا کلی طور پر مستفید ہوسکتے ہیں۔

لوگوں کو ادائیگی کیسے کی جائے گی؟

پہلی ادائیگی کا حساب عام طور پر اس تاریخ سے لگایا جائے گا جب آن لائن درخواست کا پہلا حصہ جمع کرایاگیا تھا۔ یا، جس تاریخ سے اس شخص نے درخواست کا عمل شروع کرنے کے لیے سوشل سیکیورٹی اسکاٹ لینڈ کو فون کیا، اگر انہوں نے درخواست فون اور کاغذی فارم کے ذریعے دی ہو۔

ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ ہر 4 ہفتے بعد بقایا جات میں ادا کی جاتی ہے۔ اس کی ادائیگی درخواست میں دیئے گئے اکاؤنٹ میں کی جائے گی۔

کیا ادائیگی ان لوگوں کے لیے دستیاب ہے جو مرض الموت میں ہیں؟

ہاں. ان لوگوں کے لیے درخواست دینے کا ایک الگ طریقه ہے جو مرض الموت میں مبتلا ہیں۔ موت کے عارضے میں مبتلا شخص روز مرہ زندگی اور نقل و حرکت کے اجزاء کی اعلیٰ ترین شرح کا حقدار ہوگا، قطع نظر اس کے که اس کی مدت کتنی بھی ہو جس میں وہ موت کے عارضے میں مبتلا ہو۔

اگر شخص موت کے عارضے میں مبتلا ہے تو، ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ ہفته وار پیشگی ادا کی جائے گی۔

اگر کسی کو پہلے سے پرسنل انڈیپنڈنس پیمنٹ یا ڈس ایبلٹی لونگ الاؤنس ملتا ہو تو؟

اگر کسی کو یه بینفٹس یعنی مالی وظائف پہلے ہی مل رہے ہیں، تو اسے درخواست دینے کی ضرورت نہیں۔ ان کو ملنے والی ادائیگیاں بغیر کسی وقفے کے خود بخود ایڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ میں منتقل ہو جائیں گی ۔

ایسا ہونے سے پہلے انہیں مزید تفصیلات کے ساتھ ایک خط ملے گا۔

وہ کیسے درخواست دے سکتے ہیں؟

لوگ یہاں پر مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں اور آن لائن درخواست دے سکتے ہیں **mygov.scot/adultdisability**. لوگ ذاتی طور پر، فون پر بھی درخواست دے سکتے ہیں یا ہمیں **0800 182 2222** پر مفت کال کرکے ڈاک کے ذریعے کاغذی درخواست فارم طلب کرسکتے ہیں۔

کیا انہیں کسی وکیل کی مدد کی ضرورت ہے؟

سوشل سکیورٹی سکاٹ لینڈ کے بینفٹس یعنی مالی وظائف کے لیے درخواست دیتے وقت VoiceAbility انڈیپنڈنٹ ایڈووکیسی معذور افراد کی مدد کرتی ہے۔ VoiceAbilityسے **0300 303 1660 پر مفت میں کال کرکے یا www.voiceability.org** پر جا کر رابطه کریں۔

بہت سے لوگ رہن سہن کے اخراجات کے بارے میں فکر مند ہوتے ہیں۔ آپ تنہا نہیں ہیں. یه جاننے کے لیے که آپ کس مدد کے حقدار ہو سکتے ہیں، برائے مہربانی ملاحظه کریں۔ **gov.scot/costoflivingsupport**. یا اپنے لوکل سٹیزن ایڈوائس بیورو پر جائیں ۔

COST OF LIVING SUPPORT

لوگ ہم سے کیسے رابطه کر سکتے ہیں؟

ہمیں مفت کال کریں: 0800 182 2222

ٹیکسٹ ریلے سروس: 0300 244 4000 +18001(سماعت میں مشکل رکھنے والوں کے لیے)

برٹش سائن لینگویج استعمال کرنے والے: contactscotland-bsl.org

Webchat: chat.socialsecurity.gov.scot